سلسلہ تفسیر القرآن العظیم

خَیْرُکُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ

# يَعْتَذِرُوْنَ

11

## گیارہویں پارے/جزء کا مختصر تعارف

مضامین قرآن کا جامع و مختصر تعارف

حافظ ارشد بشیر عمری مدنی حفظہ اللہ

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

Edition 2022
© Copyright Reserved جمیع الحقوق محفوظۃ

# گیارہویں پارے/جزء "یعتذرون" کا مختصر تعارف

**Shaikh Arshad Basheer Umari Madani**
Waffaqahullaah

Hafiz, Alim, Fazil (Madina University, K.S.A), M.B.A.;
Founder & Director of AskIslamPedia.com
Chairman: Ocean The ABM School, Hyd.
+91 92906 21633 (WhatsApp only)
www.abmqurannotes.com I www.askislampedia.com I www.askmadani.com

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

# نوٹ

قارئین کرام یہ کتاب حافظ ارشد بشیر عمری مدنی وفقہ اللہ کے آڈیوس سے مفرغات کے قبیل سے ہے اور قارئین کی درخواست پر مفرغات کو کتابی شکل میں پیش کیا گیا ہے جگہ جگہ آپ کو اس کتاب میں بیان کا اسلوب نظر آئے گا جو کہ کتابی (نثر)اسلوب سے کچھ مختلف ہو گا اور نثری اسلوب سے ہم آہنگ نہیں ہو گا کیونکہ آپ بخوبی واقف ہیں کہ اسلوبِ خطابت اور اسلوب کتابت و نثر نگاری میں فرق پایا جاتا ہے۔

جزاک اللہ خیراً

بسم الله الرحمن الرحيم

رَبِّ أَنزِلْنِي مُنزَلًا مُّبَارَكًا وَأَنتَ خَيْرُ الْمُنزِلِينَ

# گیارہویں پارے (جـزء) کا مختصر تعارف

## "Para 11 - Yataziroon" - يَعْتَذِرُوْنَ

اہل علم نے گیارہویں پارے "يَعْتَذِرُونَ" کو اٹھارہ (18) یونٹس میں بانٹا ہے، اس پارے کو تین حصوں میں بانٹا جاسکتا ہے پہلا حصہ سورۃ التوبۃ کی اخری آیات پر مشتمل ہے، دوسرا حصہ سورۃ یونس پر مشتمل ہے اور تیسرا حصہ سورۃ ہود کی آیت نمبر 1 تا 5 پر مشتمل ہے، جیسا کہ گیارہویں پارے کو اہل علم نے 18 یونٹس میں تقسیم کیا ہے وہ حسبِ ذیل ہیں:

| یونٹس کے حساب سے پارہ نمبر 11 "يَعْتَذِرُونَ" کی آیات اور مضامین کی تقسیم | | | |
|---|---|---|---|
| یونٹس | آیات | | مضامین |
| سورۃ التوبۃ | | | |
| یونٹ نمبر 1: | 94 | 129 | منافقوں کی مزید تفصیل کا بیان۔ |
| سورۃ یونس | | | |
| یونٹ نمبر 2: | 1 | 2 | اہل ایمان کو خوشخبری اور اہل باطل کو سخت عذاب سے ڈرایا گیا، باطل پرستوں نے آپ ﷺ کو جادو گر کہا اور بعض نے آپ ﷺ کی رسالت پر شک کا اظہار کیا۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| یونٹ نمبر:3 | 3 | 6 | کائنات کی تخلیق اور اس کی تفصیلات اور اس بات کا اعادہ کیا گیا کہ اسی تخلیق کا ایک حصہ قیامت ہے، اللہ تعالیٰ کی قدرت اور عظمت کی نشانیوں کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:4 | 7 | 10 | فرمانبردار اور نافرمان لوگوں کے درمیان کے فرق کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:5 | 11 | 14 | اللہ تعالیٰ نے اپنے احسانات کا تذکرہ فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ مومن ہر حال میں شکر گزار ہوتا ہے، گزشتہ قومیں اس لیے عذابوں میں مبتلا کردی گئیں کیونکہ انہوں نے نبیوں اور رسولوں کی تکذیب کی۔ |
| یونٹ نمبر:6 | 15 | 18 | کفار و مشرک یہ چاہتے تھے کہ قرآن کی آیات تبدیل کردی جائیں، سفارش کے غلط تصورات کارد۔ |
| یونٹ نمبر:7 | 19 | 24 | لوگوں کے طبیعتوں کا بیان اور دنیا کی حقیقت کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:8 | 25 | 30 | جنت کی ترغیب دلائی گئی، بدکاروں کے چہرے سیاہ کردیئے جائیں گے، میدان حشر کے منظر کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:9 | 31 | 36 | توحید کا بیان، بعث بعد الموت اور اس سے متعلق فطری دلیلوں کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:10 | 37 | 44 | قرآن مجید پر کفار کے اعتراضات کے جوابات کا بیان۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| یونٹ نمبر:11 | 45 | 56 | دنیا کے ختم ہوجانے کا بیان اور کفار و مشرکین کے لیے عذاب کا ذکر۔ |
| یونٹ نمبر:12 | 57 | 61 | قرآن مجید کی خصوصیات اور مقاصد کا بیان نیز شریعت کی خصوصیت کا تذکرہ۔ |
| یونٹ نمبر:13 | 62 | 70 | اللہ کے ولیوں کا تعارف،خوابوں کے بارے میں وضاحت عزت صرف اللہ تعالیٰ کے لیے اور اللہ کے نبی ﷺ کے لیے ، تمام مخلوق اور کائنات صرف اللہ تعالیٰ کی ملکیت کا بیان۔ |
| یونٹ نمبر:14 | 71 | 74 | نوح علیہ السلام عَلَيْهِ ٱلسَّلَامُ اور ان کی قوم کا تذکرہ۔ |
| یونٹ نمبر:15 | 75 | 93 | موسیٰ علیہ السلام عَلَيْهِ ٱلسَّلَامُ اور جادوگروں کے واقعہ کا بیان اور فرعون کا آخری انجام۔ |
| یونٹ نمبر:16 | 94 | 100 | قرآن مجید کی حقانیت کا بیان ، دوسری آسمانی کتابوں میں اللہ کے نبی ﷺ ذکر کا بیان ، یونس علیہ السلام عَلَيْهِ ٱلسَّلَامُ کے واقعہ کا تذکرہ اور ان کی قوم کا توبہ کرنے کا بیان اور ان پر سے عذاب کو ٹالنے کا تذکرہ۔ |
| یونٹ نمبر:17 | 101 | 109 | دین حنیف یعنی دین اسلام کی دعوت کا بیان،اور اتباع کا حکم اور جو اتباع نہ کرے اس کا نقصان اسی پر ہے۔ |

سورۃ ہود

| | | | |
|---|---|---|---|
| یونٹ نمبر:18 | 1 | 5 | سورۃ ہود کی ابتدائی آیات قرآن مجید کا تعارف پیش کرتی ہیں۔ |

**یونٹ نمبر**:1

گیارہواں پارہ، سورۃ التوبۃ سورۃ نمبر 9 کی آیت نمبر 94 سے لیکر آیت نمبر 129 پر مشتمل ہے دراصل یہ یونٹ دسویں پارہ کا تسلسل ہے دسویں پارے کے بارہویں یونٹ میں منافقین کی 18 صفات بیان کی گئی ہیں، اور یہاں پر یہ بتایا جارہا ہے کہ اگر منافقین کو عذاب سے بھی گزار دیا جائے تب بھی وہ راہ راست پر نہیں آئیں گے، اللہ تعالیٰ منافقین کے عقلوں پر پردہ ڈال رکھا تھا لہٰذا وہ یہ سوچنے سے بھی قاصر تھے کہ سال میں کم از کم دو دفعہ ان پر کسی نہ کسی طریقے سے عذاب نازل کیا جاتا ہے تب بھی وہ عبرت حاصل نہیں کرتے، اور جب قرآن کی کوئی سورت نازل کی جاتی ہے تو وہ ایک دوسرے کا منہ تکتے رہتے ہیں پھر وہ دین سے پھر جاتے ہیں اللہ کے نبی کے وعظ و نصیحت سے منہ پھیر لیتے ہیں اور وعظ و نصیحت کی مجلس سے اٹھ کر چلے جاتے ہیں اسی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں کو حق سے پھیر دیا ہے، اس کے بعد یہ کہا گیا اللہ کے نبی ﷺ کی ذات اللہ تعالیٰ کی طرف سے انسانیت پر اور خصوصاً اہل ایمان پر احسان عظیم ہے آپ ﷺ سے انحراف کرنے والے کفار مشرک اور منافق ہی ہو سکتے ہیں۔

| یونٹ نمبر 1: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.1" |
|---|

- جب سورتیں نازل ہوتی ہیں تو منافقوں کا کیا موقف ہوتا ہے (125-127)
- رسول ﷺ کی بعض صفات کا تذکرہ (128-129)

| سُوۡرَةُ یُوۡنُس<br>SURAH YUNUS | | |
|---|---|---|
| The Prophet Jonah | Yunus Alaishisslam | یونس علیہ السلام |
| "The Place of Revelation" / مقام نزول-مکہ<br>MAKKAH | | |
| یہ سورت مکہ میں نازل ہوئی | | |

| "Few Objectives" بعض اہداف |
|---|

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

- اس سورت میں بتایا گیا کہ اللہ تعالیٰ عدل کرنے والا اور حکمت والا ہے وہ اپنے بندوں پر ظلم نہیں کرتا۔
- اس سورت کا نام یونس اس لیے رکھا گیا ہے کیونکہ اس میں یونس علیہ السلام کا ذکر ہے۔ ان کی قوم عین عذاب نازل ہونے سے پہلے ایمان لے آئی جس کی وجہ سے عذاب ٹل گیا۔ ایسا صرف اسی قوم کے ساتھ ہوا۔

## مناسبت/لطائف تفسیر

- سورہ یونس، سورہ ہود اور سورہ یوسف کا مشترکہ مضمون ہے آزمائش کے مراحل سے گذرتے ہوئے ترقی پانا۔
- حق وباطل کی کشمکش ان تین سورتوں کا مشترکہ مضمون ہے۔
- سورہ یونس سے لے کر سورہ مومنون تک جملہ 14 سورتیں مکی ہیں۔(سورہ حج کی کچھ آیات مدنی ہونے کا امکان ہے)۔
- ان سب سورتوں میں تکذیب کی تاریخ، انجام، اسباب، علاج، تاریخی مثالیں، عقلی آفاقی اور انفس والی حقیقتوں کے ذریعہ سے تنبیہ کی گئی اور سوچنے پر مجبور کردیا گیا ہے۔

### یونٹ نمبر:2

گیارہواں پارہ ، سورۃ یونس سورۃ نمبر 10 کی آیت نمبر 1 سے لیکر آیت نمبر 2 میں یہ بتایا جارہا ہے کہ آپ تمام لوگوں کو ڈرائیں اور جو ایمان لے آئیں ان کو خوشخبری سنائیں لیکن کفار ، مشرک اور منافقین نے آپ کا استہزا کیا اور آپ کو جادو گر اور بعض کو یہ شک تھا ایک انسان رسول کیسے ہو سکتا ہے لہذا ان کی سرزنش ہوئی اور ان کو سختی سے ڈانٹا گیا۔

## یونٹ نمبر 2: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.2"

- وحی اور رسول کی بشریت کا بیان اور اس سلسلہ میں مشرکین کا موقف (2-1)

### یونٹ نمبر:3

گیارہواں پارہ، سورۃ یونس سورۃ نمبر 10 کی آیت نمبر 3 سے لیکر آیت نمبر 6 میں تمام کائنات

کے تخلیق کی تفصیل بیان کی گئی ہے اور یہ بتایا گیا کہ کائنات کا مالکِ حقیقی صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے اسی نے تمام کائنات کو اکیلے پیدا فرمایا اور قیامت اسی تخلیق کا ایک حصہ ہے اس کے بعد اللہ تعالیٰ کے قدرت کی نشانیاں بیان کی گئی اور یہ بتایا گیا کہ کائنات کے ذرہ ذرہ میں اللہ کی قدرت پوشیدہ ہے۔

| یونٹ نمبر 3: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.3" |
| --- |

- اللہ کی عظمت، اس کی وحدانیت اور قدرت کے دلائل (3-6)

### یونٹ نمبر 4:

گیارہواں پارہ، سورۃ یونس سورۃ نمبر 10 کی آیت نمبر 7 سے لیکر آیت نمبر 10 میں فرمانبردار اور نافرمانوں کا ذکر ہے اور کہا گیا کہ وہ لوگ نادان، بے وقوف اور احمق ہیں جو قیامت کے منکر ہیں اور جو قیامت پر ایمان رکھتے ہیں وہ خوش قسمت اور خوش بخت لوگ ہیں۔

| یونٹ نمبر 4: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.4" |
| --- |

- منکرین قیامت اور ان کے انجام کا بیان (7-8)
- مومنوں کی بعض صفات اور ان کی جزا کا بیان (9-10)

### یونٹ نمبر 5:

گیارہواں پارہ، سورۃ یونس سورۃ نمبر 10 کی آیت نمبر 11 سے لیکر آیت نمبر 14 میں اللہ تعالیٰ نے اپنے احسانات بیان فرمائے ہیں اور فرمایا کہ مومن ہر حال میں اللہ کا شکر بجالانے والے ہوتے ہیں، اور یہ بتایا گیا اور کفار قریش اور مشرکین مکہ کے لیے یہ مثال بیان کی گئی کہ کس

GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

طرح گذشتہ قوموں پر نبیوں اور رسولوں کی تکذیب کی وجہ سے عذاب نازل کیا گیا اور ان کو نیست و نابود کر دیا گیا لیکن یہاں پر اللہ تعالیٰ کی رحمت اللہ تعالیٰ کے غضب پر غالب آ گئی اس کے باوجود یہ جلدی مچا رہے ہیں کہ عذاب کیوں نہیں آتا اللہ کی سنت یہ ہے کہ پہلے مہلت دی جاتی ہے پھر آن کی آن میں پکڑ لیے جاتے ہیں اللہ کی پکڑ بڑی غضبناک ہوتی ہے، اسی لیے اہل ایمان کو توبہ اور استغفار کی تاکید کی گئی۔

## یونٹ نمبر 5: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.5"

- اکثر لوگوں کی طبیعت کا بیان (11-12)
- ظالموں کو ہلاک کرنے اور مومنوں کو خلیفہ بنانے میں اللہ کی سنت کا تذکرہ (14-13)

## یونٹ نمبر 6:

گیارہواں پارہ، سورۃ یونس سورۃ نمبر 10 کی آیت نمبر 15 سے لیکر آیت نمبر 18 میں یہ بتایا جا رہا ہے کہ کفارِ قریش اللہ کے نبی ﷺ سے یہ کہا کرتے تھے ان آیات کو آپ [ﷺ] بدل دیں یا ان آیات کی جگہ دوسری آیات لے آئیں، اس کے بعد آگے کی آیات میں اس بات تردید کی گئی ہے کفار و مشرک یہ کہتے تھے کہ وہ جن کی عبادت کرتے ہیں وہ اللہ کے ہاں ان کے سفارشی ہیں، قرآن مجید نے سفارش کے غلط نظریہ کی تردید کی ہے۔

## یونٹ نمبر 6: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.6"

- قرآن کریم اللہ کی جانب سے وحی ہے اس میں تبدیلی کرنا رسول کے لیے جائز نہیں ہے (15-17)

- مشرکین کی جہالت اور ان کی تردید(18-20)

### یونٹ نمبر7:

گیارہواں پارہ، سورۃ یونس سورۃ نمبر 10 کی آیت نمبر 19 سے لیکر آیت نمبر 24 میں یہ بتایا جارہاہے کہ لوگ الگ الگ طبیعتوں کے ہوتے ہیں اور جب حق آجاتاہے تو وہ اس سے روگردانی کرتے ہیں اور اسلام کو چھوڑ کر اپنا الگ دین بنالیتے ہیں جبکہ لوگوں کو ایک دین پر قائم ہوناچاہئے اور ایک امت ہوناچاہئے لیکن لوگ اس دنیائے فانی کے پیچھے لگے ہوئے ہیں اور حقیقی زندگی جو مرنے کے بعد آخرت میں ملنے والی ہے اس کی کوئی تیاری نہیں کرتے۔

**یونٹ نمبر7:کے موضوعات "Few Topics of Unit No.7"**

- مشرکین کی جہالت اور ان کی تردید(18-20)
- خوشی اور تنگی میں لوگوں کی طبیعت(21-23)
- دنیاوی زندگی کی مثال بیان کی گئی(24)

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

### یونٹ نمبر8:

گیارہواں پارہ، سورۃ یونس سورۃ نمبر 10 کی آیت نمبر 25 سے لیکر آیت نمبر 30 میں عمل کی طرف ابھارا گیاہے جنت کی رغبت دلائی گئی ہے اور جو بدکار لوگ ہیں ان کے لیے کہاگیاکہ ان کے چہرے سیاہ کردیئے جائیں گو اور ذلت ان کے چہروں پر چسپاں کردی جائے گی، اس کے بعد میدانِ حشر کا منظر بیان کیا گیا کہ کس طرح میدان حشر میں تمام لوگ جمع کئے جائیں گے ان میں مومن بھی ہوں گے، کافر بھی ہوں گے، نیک اور بد، جن انسان سب اس وقت

موجود ہوں گے اس دن فیصلے صرف اللہ کے ہاتھ میں ہوں گے اور اس دن اللہ تعالیٰ عدل و انصاف کو قائم کر دیگا۔

## یونٹ نمبر 8: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.8"

- اللہ کی جانب سے ہدایت اور ہدایت یافتہ لوگوں کی جزا کا بیان (25-26)
- قیامت کے دن نافرمان اور مشرکین کی سزا کا بیان (27-30)

### یونٹ نمبر 9:

گیارہواں پارہ، سورۃ یونس سورۃ نمبر 10 کی آیت نمبر 31 سے لیکر آیت نمبر 36 میں توحید کا بیان ہے بعث بعد الموت کا ذکر فطری دلیلوں سمجھایا گیا ہے۔

## یونٹ نمبر 9: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.9"

- مشرکین پر اتمام حجت، توحید کا اثبات اور شرک کا ابطال (31-36)

### یونٹ نمبر 10:

گیارہواں پارہ، سورۃ یونس سورۃ نمبر 10 کی آیت نمبر 37 سے لیکر آیت نمبر 44 میں کفار نے قرآن مجید پر جو اعتراضات کئے تھے ان کا جواب دیا گیا اور ان کی تہمتوں کا رد کیا گیا اور اللہ کے نبی کو یہ حکم دیا گیا کہ آپ کفار سے کہہ دیں آپ ان کی حرکتوں سے بری الذمہ ہیں اور کہہ دیجئے کہ ان کا عمل ان کے ساتھ اور آپ کا عمل آپ کے ساتھ ہے۔

## یونٹ نمبر 10: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.10"

- مشرکین کو چیلینج کہ قرآن جیسا کلام لے آئے (37-44)

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION

**یونٹ نمبر:11**

گیارہواں پارہ، سورۃ یونس سورۃ نمبر 10 کی آیت نمبر 45 سے لیکر آیت نمبر 56 میں بتایا جارہا ہے کہ دنیا ختم ہوجانے والی جگہ ہے اور کفار و مشرکوں کو سخت عذاب دیا جائے گا۔

| یونٹ نمبر 11:کے موضوعات "Few Topics of Unit No.11" |
|---|

- مشرکین کو حشر کے سلسلہ میں بتایا گیا اور اس کو جھٹلانے کا انجام (45-56)

**یونٹ نمبر:12**

گیارہواں پارہ، سورۃ یونس سورۃ نمبر 10 کی آیت نمبر 57 سے لیکر آیت نمبر 61 میں قرآن مجید کی خصوصیات کا بیان اور قرآن مجید کے مقاصد کا بیان نیز شریعت کی خصوصیت کا تذکرہ۔

| یونٹ نمبر 12:کے موضوعات "Few Topics of Unit No.12" |
|---|

- قرآن اور اس کی اہمیت کا بیان (57-58)
- مشرکین کے جھوٹ اور اس کا جواب (59-60)
- اللہ کا علم ہر چیز کو احاطہ کیے ہوئے ہے (61)

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

**یونٹ نمبر:13**

گیارہواں پارہ، سورۃ یونس سورۃ نمبر 10 کی آیت نمبر 62 سے لیکر آیت نمبر 70 میں اولیاء اللہ کا تعارف پیش کیا گیا ہے اور ان کی صفات بیان کی گئی ہیں، اور کہا گیا ہے کہ عزت صرف اللہ تعالیٰ کے لیے اور اللہ کے نبی ﷺ کے لیے ہے،اور تمام مخلوقات اللہ تعالیٰ کی ملکیت ہے اس ملکیت میں اس کا کوئی شریک یا ساجھی نہیں ہے۔

## یونٹ نمبر 13: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.13"

- اللہ کے دوست کون ہیں اور ان کی جزا کیا ہے (62-64)
- مشرکین کے غلط عقائد کی تردید (65-70)

## یونٹ نمبر 14:

گیارہواں پارہ، سورۃ یونس سورۃ نمبر 10 کی آیت نمبر 71 سے لیکر آیت نمبر 74 میں نوح علیہ السلام علیہ السلام اور آپ علیہ السلام کی قوم کا تذکرہ ہے، اور اس کے بعد یہ کہا گیا کہ نوح علیہ السلام علیہ السلام کے بعد بھی نبیوں کا سلسلہ جاری رہا دیگر انبیائے کرام علیہم السلام علیہم السلام اللہ کے پیغام کو لوگوں تک پہنچاتے رہے۔

## یونٹ نمبر 14: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.14"

- نوح علیہ السلام کا قصہ مذکور ہے (71-74)

## یونٹ نمبر 15:

گیارہواں پارہ، سورۃ یونس سورۃ نمبر 10 کی آیت نمبر 75 سے لیکر آیت نمبر 93 میں کا واقعہ بیان کیا گیا ہے جس میں موسیٰ علیہ السلام فرعون کے جادوگروں سے مقابلہ کرتے ہیں اور ان جادوگروں میں اکثریت موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لے آتی ہے لیکن فرعون اپنے غرور اور تکبر پر اڑا رہا یہاں تک کہ وہ اپنے انجام تک پہنچا دیا گیا جب وہ ڈوبنے لگا تو اس نے کہا اے موسیٰ میں تمہارے رب پر ایمان لاتا ہوں لیکن یہ اصول ہے کہ غرغرئے موت اور سکرات الموت میں پہنچنے کے بعد نہ تو توبہ قبول کی جاتی ہے اور نہ اسلام قبول کرنا تسلیم کیا جاتا ہے،

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION

فرعون کا انجام بڑا دردناک اور اندوہناک تھا نہ اس کو سمندر نے قبول کیا اور نہ ہی زمین میں اس کو دفنایا جاسکا بلکہ اللہ تعالیٰ نے فرعون کی لاش کو سامانِ عبرت بنا دیا۔

## یونٹ نمبر 15: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.15"

- موسیٰ علیہ السلام کا قصہ فرعون اور اس کی فوج کے ساتھ اور ان میں سے ہر ایک کا انجام کا بیان (75-93)

## یونٹ نمبر 16:

گیارہواں پارہ، سورۃ یونس سورۃ نمبر 10 کی آیت نمبر 94 سے لیکر آیت نمبر 100 میں قرآن مجید کی حقانیت کو واضح طور پر بیان کیا گیا اور یہ بھی بیان کر دیا گیا کہ کتب سابقہ میں میں اللہ کے نبی ﷺ کا ذکر موجود ہے، اور یونس علیہ السلام علیہ السلام کا ذکر کرتے ہوئے کہا گیا کہ یہ ایک واحد قوم جس نے توبہ کی اور ان کی توبہ قبول کر لی گئی اور عذاب کو ٹال دیا گیا کیونکہ یونس علیہ السلام علیہ السلام کی قوم یونس علیہ السلام پر ایمان لے آئی، اس کے بعد یونس علیہ السلام علیہ السلام کی آزمائش کا ذکر بھی کیا گیا اور اس کے بعد اللہ تعالیٰ کی حکمتوں ذکر کیا گیا اور کہا گیا کہ اللہ تعالیٰ کی حکمت سے کوئی بھی مخلوق واقف نہیں ہے اللہ تعالیٰ کی تمام حکمتیں پوشیدہ ہیں۔

## یونٹ نمبر 16: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.16"

- قرآن حق ہے جو اس کی مخالفت کرے اس کو وعید (94-97)
- یونس علیہ السلام کا قصہ اپنی قوم کے ساتھ (98)
- کائنات میں اللہ ہی کی مشیت چلتی ہے (99-100)

**یونٹ نمبر17:**

گیارہواں پارہ، سورۃ یونس علیہ السلام سورۃ نمبر 10 کی آیت نمبر 101 سے لیکر آیت نمبر 109 میں دین اسلام کی دعوت پیش کی گئی اور اس کی اتباع کا حکم دیا گیا اور یہ بھی کہہ دیا گیا کہ جو دین اسلام اور دینِ حنیف کو قبول نہ کرے اس نے اپنا نقصان خود آپ کر لیا، اور اس کے بعد نافرمان لوگوں کو عذاب کا ڈر بھی بتا دیا گیا۔

| یونٹ نمبر17: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.17" |
|---|

- غور و فکر کرنے کی تعلیم دی گئی تا کہ حق تک پہنچ سکے (101-102)
- رسولوں کے ساتھ مومنوں کی نجات (103)
- اعتقاد اور عبادت میں اللہ کی وحدانیت (104-107)
- نبی اور لوگوں کے لئے الٰہی تعلیمات کہ اسلام ہی حق ہے اور اس کی اتباع واجب ہے (108-109)

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

# سُوۡرَةُ هُوۡدٍ

## SURAH HOOD

| The Prophet Hood | Hood Alaihisslam | ہود علیہ السلام |
|---|---|---|
| "The Place of Revelation" / مقام نزول-مکہ<br>Makkah | | |
| یہ سورت مکہ میں نازل ہوئی | | |

## "Few Objectives" بعض اہداف

- اس سورت کا ہدف ہے اصلاح کے کام پر مداومت۔[1]
- غفلت اور لاپرواہی کے بغیر اصلاح کو جاری رکھیے۔
- جو سورت نبی کے نام سے شروع ہوتی ہے اس نبی کا اس میں خصوصی تذکرہ ہوتا ہے۔

[1] (مزید تفصیل کے لیے اس کتاب کو ضرور پڑھیں۔ معالم في طريق الإصلاح: عبد العزيز بن محمد السدحان)

- رسول اللہ ﷺ نے اس سورت سے متعلق ارشاد فرمایا: شيّبتني هود وأخواتها ترجمہ: سورہ ہود اوراس جیسی سورتوں نے مجھے بوڑھا کر دیا۔ (صحیح الجامع:3720)[2]
- اس سورت میں سات نبیوں (نوح علیہ السلام، ہود علیہ السلام، صالح علیہ السلام، لوط علیہ السلام، شعیب علیہ السلام، موسی علیہ السلام اور ہارون علیہ السلام) کا ذکر ہے، بتایا جارہا ہے کہ انہوں نے اپنی قوم کے ظلم وستم کس طرح برداشت کیے اور اصلاح کا کام کرتے رہے۔
- ان قصوں کا تذکرہ کرنے کے بعد اس کا مقصد بتایا گیا کہ آپ ﷺ کی تسلی ہو جائے۔(آیت:120)

## مناسبت لطائف تفسیر

- سورہ یونس میں اجمال ہے جب کہ سورہ ہود میں تفصیل ہے۔

### یونٹ نمبر18:

گیارہواں پارہ، سورۃ ہود سورۃ نمبر 11 کی آیت نمبر 1 سے لیکر آیت نمبر 5 میں قرآن مجید کا تعارف پیش کیا گیا اور تعارف میں کہا گیا کہ قرآن مجید کے آیات محکم اور مفصل پر مشتمل

---

[2] (مزید تفصیل کے لیے تفسیر ابن کثیر ج4/ص302 دیکھیں)

ہے یعنی اس کی ایک آیت دوسری آیت کی تشریح کرتی ہے، اللہ تعالیٰ ہر چیز سے واقف ہے اندھیرے میں لپٹی ہوئی ہر چیز اس پر ظاہر ہے اللہ تعالیٰ ظاہر اور باطن دنوں سے واقف ہے۔

## یونٹ نمبر 18: کے موضوعات "Few Topics of Unit No.18"

- قرآن کا مصدر اور اس کی مہم اور مشرکین کا اس کے تعلق سے موقف (1-5)

AskIslamPedia
GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION
Free Online Islamic Encyclopedia

ASKISLAMPEDIA

GATEWAY FOR ISLAMIC INFORMATION

Free Online Islamic Encyclopedia

# Free Islamic Books

www.abmqurannotes.com I www.askislampedia.com I www.askmadani.com


## Shaikh Arshad Basheer Umari Madani

Hafiz, Alim, Fazil (Madina University, K.S.A), M.B.A.;

Founder & Director of AskIslamPedia.com

Chairman: Ocean The ABM School, Hyd.

+91 92906 21633 (WhatsApp only)